Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · ZIYARAT-E-MAHDIYA (A)

Ethics of Ziyarat

آداب زیارت

As we know that gifting the reward of the Ziyarat of the Holy Progeny (a) to the holy threshold of Imam Mahdi (a) is recommended, we will mention the ethics of Ziyarat in the following lines: Mohaddis e Qummi reports: There are many ethics of Ziyarat but we will mention only a few of them here...

اہلبیت کی زیارت کا ثواب امام زمانہ کی خدمت میں ہدیہ پیش کرنا مستحب ہے۔ محدث قمی نے نقل کیا ہے کہ زیارت کے آداب بہت ہیں یہاں چند چیزوں پر اکتفا کرتا ہوں۔۔۔

Take bath before leaving for the journey of Ziyarat.

زیارت کے لئے سفر پر جانے سے پہلے غسل کرنا۔

Abandon all kinds of unnecessary and abusive conversations, as well as fights and arguments.

بے ہودہ اور لغو باتوں کا ترک کرنا سفر کے دوران دعویٰ اور جھگڑے کو ترک کرنا۔

Perform Ghusl for the Ziyarat of every Imam and recite the narrated supplication while performing Ghusl.

ہر امام کی زیارت کے لئے غسل کرنا اور غسل کرتے وقت دعا کا پڑھنا روایت میں وارد ہے۔

Remain in the state of purification.

حالتِ طہارت میں رہیں۔

Wear new and clean clothes, and it is best to wear white clothes.

پاک و پاکیزہ اور نئے لباس کا پہننا اور بہتر یہ ہے کہ سفید لباس پہنے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

While walking towards the Holy Shrines, take short steps, and walk with ease and dignity, with humbleness and humility, and bend your head downwards, and refrain from paying attention upwards and towards the surrounding.

روضہ مقدسہ جاتے وقت آہستہ قدم رکھے سکون اور وقار کے ساتھ چلے خضوع اور خشوع کے ساتھ سر کو نیچے جھکا دے اوپر دائیں بائیں نہ دیکھے۔

Perfume yourself for all the Ziyarat except the Ziyarat of Imam Husain (a).

امام حسین کی زیارت کے علاوہ باقی کے اماموں کے زیارت کے لئے خوشبو لگانا۔

While travelling towards the Holy Shrine, engage your tongue in the divine remembrance, exaltation, adulation, glorification, and constantly recite Salawaat for Mohammad and his holy Progeny (peace be upon them).

حرم مطہر جاتے ہوئے زبان پر تکبیر تحمید تسبیح اور تہلیل اور تمجید میں مشغول ہو اور محمد و آل محمد پر درود بھیج کر اپنے منہ کو معطر کرے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Stand at the gate of the Holy Shrine and seek permission to enter the Shrine, and try to soften your heart with humility, and think about the virtues and mightiness of the godly person residing in that shrine, with the belief that he can witness him standing, hear him speaking and can respond to his greetings. He has to bear witness to all these things while reciting the supplication of entry permit. Then think about the love and kindness of his holiness (a) extended towards his Shias and visitors, and ponder upon his own distressed condition and the oppressions he has committed with regards to those holy personalities, and think about the large number of sayings which he has neglected, and all the harms and sufferings that he has caused to these noblemen or their friends and devotees (which results in their affliction). If he observes his inner self properly, his feet will refrain from moving and his heart will turn humble and his eyes will begin to shed tears; this is the soul of the Ziyarat ethics.

روضۂ مقدس کے دروازے پر کھڑے ہو کر حرم میں داخل ہونے کی اجازت طلب کرے، اور عاجزی کے ساتھ اپنے دل کو نرم کرنے کی کوشش کرے۔ اس پاک ہستی کے فضائل اور عظمت کو یاد کرے جو اس روضے میں آرام فرما ہے، اور یہ عقیدہ رکھے کہ وہ اسے (زائر کو) کھڑا ہوا دیکھتے ہیں، اس کی بات سنتے ہیں اور اس کے سلام کا جواب دے سکتے ہیں۔ چنانچہ "اذنِ دخول" کی دعا پڑھتے وقت ان تمام باتوں پر دل سے گواہی دے۔ پھر یہ سوچے کہ وہ بزرگ ہستیؑ اپنے شیعوں اور زائرین پر کس قدر محبت اور مہربانی فرماتی ہے، اور اپنے آپ پر نظر کرے کہ وہ خود کس حال میں ہے، اور اس نے ان مقدس ہستیوں کے حق میں کیا کیا ظلم و کوتاہیاں کی ہیں، اور کتنے فرامین و ارشادات کو نظر انداز کیا ہے، اور اپنے اعمال سے ان بزرگوں یا ان کے دوستوں اور محبّین کو کیا کیا اذیتیں اور تکلیفیں پہنچائی ہیں (جس کے نتیجے میں وہ مبتلا ہوتے ہیں)۔ اگر وہ اپنے باطن کو درست طور پر دیکھے تو اس کے قدم آگے بڑھنے سے رک جائیں گے، دل عاجز ہو جائے گا اور آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں گے۔ یہی زیارت کے آداب کی روح ہے۔

Kiss the holy shrine and embrace the divine courtyard. Shaheed has said: It is appropriate for the visitor to prostrate with the intention of prostrating before Allah with gratitude for helping him reach this divine place.

بوسہ دینا عتبہ عالیہ کا شیخ شہید نے فرمایا ہے اگر زیارت کرنے والا سجدہ کرے اور یہ نیت کرے کہ خدا کے لئے سجدہ کرتا ہوں شکرانہ کے طور پر کہ اللہ نے مجھے یہاں پہنچا دیا ہے تو بہتر ہوگا۔

Enter the holy shrine with the right foot and exit with the left one, just like we are asked to do upon entering and exiting a mosque.

داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں داخل کرے اور باہر نکلتے وقت بایاں قدم آگے رکھے جیسا کہ مساجد میں کرتے ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Stand near the holy Grave such that you shall be able to stick yourself to it. And it's a wrong thinking that standing away from the grave is ethical; because sticking yourself to the grave and kissing it has arrived in the narrations.

ضریح مطہر کے پاس جائے اس طریقے پر کہ اپنے آپ کو ضریح کے ساتھ متصل کردے یہ وہم کہ دور کھڑے ہونا ادب ہے یہ غلط ہے چونکہ ضریح تک اپنے آپ کو پہنچانے کے بارے میں روایت وارد ہے۔

While performing Ziyarat, face the grave such that the Qibla falls behind you. Apparently, this mannerism is specifically for the Ziyarat of the Infallibles (a); after completing the recitation of Ziyarat, place your right cheek on the grave and supplicate with humility, then place your left cheek and exaggerate in supplication and show persistence. Then move towards the holy head and supplicate while standing in the direction of Qibla.

زیارت کرتے وقت قبلہ کی طرف پشت اور قبر کی طرف منہ کر کے کھڑا ہونا ظاہراً یہ ادب معصوم کے ساتھ مختص ہے جب زیارت پڑھنے سے فارغ ہوجائے دائیں رخسار کو ضریح پر رکھے اور تضرع کی حالت میں دعا مانگے اس کے بعد بایاں رخسار رکھے اور پڑھے کہ خداوند صاحب قبر کا واسطہ کہ اس بزرگوار کیلئے اھل شفاعت سے قرار دے بہت زیادہ دعا مانگے اس کے بعد سر مطہر کی طرف قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہوجائے اور دعا پڑھے۔

Try to perform the Ziyarat standing on your feet if there isn t any excuse such as weakness or back ache or foot ache.

زیارت پڑھتے وقت کھڑا ہوجائے اگر کوئی عذر موجود نہ ہو۔

When you look at the holy grave, say Takbeer before the recitation of Ziyarat. It is reported that whoever says Takbeer before Imam (a) saying: "La ilaaha illallaho wahdahu la shareeka lahu" (There is no God save Allah, He is One, and has no partner), the divine Pleasure will be written for him.

قبر مطہر کو دیکھتے وقت تکبیر پڑھے زیارت پڑھنے سے پہلے اور خبر میں ہے جو بھی امام کے سامنے تکبیر کہے اور کہے لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ اس کے لئے رضوان اللہ الاکبر لکھا جاتا ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Recite those Ziyarats that have been narrated from the Infallible Imams (a), and refrain from the recitation of concocted Ziyarat which has been added by a few weak-minded men from the society to the genuine Ziyarats and the feeble men begin to recite it. Sheikh Kulayni narrates from Abdur Raheem Qaseer who said: I went to meet Imam Sadiq (a) and said: My life be sacrificed upon you! I have concocted a supplication out of my mind. His holiness said: Keep your concoction away from me, whenever you are in need of something, seek shelter in the Holy Prophet (s) and offer two units of prayer, and send it as a gift to his holiness.

ان زیارات کا پڑھنا کہ جو ائمہ طاہرین سے منقول ہے اور اپنی طرف سے ایجاد شدہ زیارات کو ترک کرے شیخ کلینی نے عبدالرحیم قصیر سے روایت کی ہے کہ کہا کہ میں حضرت صادق کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا میں آپ پر قربان ہوجاؤں میں نے اپنی طرف سے دعا ایجاد کی ہے فرمایا چھوڑ دو اختراع کو جب بھی تم کو کوئی حاجت درپیش ہو حضرت رسول سے پناہ حاصل کرلو دو رکعت نماز پڑھ لو اور اس کو ہدیہ کرو حضرت کی طرف۔

Offer the Ziyarat prayer, and at least two units. Late Shaheed said: If it is the Ziyarat of the Holy Prophet (s), the two unit prayer should be offered in the holy shrine, and if the Ziyarat is of the shrine of one of the Infallible Imams (a), then the prayer should be offered near their graves, and it is permissible to perform the two unit prayer in the mosque of their shrines. Allama Majlisi says: In my view, if the Ziyarat prayer is offered behind the grave or towards the head region, it will be more appropriate. (And as offering prayer ahead of the grave of Imam is considered disrespect and unethical with regards to the mighty status of his holiness, hence it is not permissible).

نماز زیارت کا بجا لانا اور کم از کم دو رکعت ہے شیخ شہید نے فرمایا ہے اگر پیغمبر کی زیارت ہے تو نماز کو روضہ مطہرہ میں بجا لائے اگر آئمہ میں سے کسی ایک کے حرم میں ہو تو سرہانے کی طرف بجالائے اگر ان دو رکعت کو حرم کی مسجد میں انجام دے تو جائز ہے۔ علامہ مجلسی نے فرمایا ہے اگر نماز زیارت یا کوئی اور میرے گمان کے مطابق پشت سر یا سرہانے پر انجام دے تو بہتر ہے نماز پڑھنا ضریح امام کے آگے چونکہ امام کے ساتھ بے احترامی اور بے ادبی ہوتی ہے اس لئے جائز نہیں ہے۔

Free to read, copy and share

Recite Surah Yaasin (https://fzic.org/library/quran/36-yaasin-83-1109) in the first unit and the Surah Rehman (https://fzic.org/library/quran/55-rehman-78-1128) in the second unit, if there isn t any specific method explained for offering the Ziyarat prayer; and after offering the prayer, he should pray for all that comes to his mind and for his world and the hereafter, and for all the believers generally; because now it is closer to acceptance.

سورۂ یس (https://fzic.org/library/quran/36-yaasin-83-1109) کا پڑھنا پہلی رکعت میں اور سورۂ رحمٰن (https://fzic.org/library/quran/55-rehman-78-1128) دوسری رکعت میں اگر مخصوص کیفیت نماز زیارت کے لئے وارد نہ ہوا ہو اور نماز کے بعد دعا مانگے جو کچھ وارد ہے اپنے دین اور دنیا کے لئے اور تمام مومنین کے لئے دعا مانگے چونکہ یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔

Late Shaheed has said: If someone enters a holy shrine and finds out that the congregational prayer is being held, then he should first offer the prayer and then perform the Ziyarat. (Only if he meets the conditions of a congregational prayer).

شیخ شہید نے فرمایا ہے اگر کوئی حرم مطہر میں داخل ہوجائے اور دیکھے کہ نماز جماعت ہو رہی ہے سب سے پہلے نماز پڑھ لے اس کے بعد زیارت کرلے جب کہ نماز جماعت میں جماعت کے شرائط موجود ہوں۔

Shaheed has regarded the recitation of holy Qur'an and the gifting of its reward to the holy soul of that Imam (a) as one of the ethics of Ziyarat, and has said that the benefit of this deed will be in the favour of the visitor, and it is a form of honouring the visited person.

شیخ شہید نے زیارت کے آداب میں قرآن مجید کی تلاوت کرنا اور ضریح کے قریب قرآن مجید کا پڑھنا اور اس کو ہدیہ کرنا جس کی زیارت کی ہے اور اس کا فائدہ زیارت کرنے والے کی طرف لوٹتا ہے اس میں جس کی زیارت کرتا ہے اس کی تعظیم ہے۔

Abstaining from all kinds of inappropriate speeches, usage of unnecessary language and involvement in all such worldly conversations which are rendered undesirable, forbidden and an obstacle for sustenance, and a cause of heart s cruelty; specially in these holy shrines and under these glorious and valuable tombs regarding which Almighty Allah says in the chapter Noor: In houses which Allah has ordered to be raised till the end of the verse.

ترک کرنا نازیبا کلمات کا اور بے ہودہ باتوں کا اور دنیوی باتوں میں ہمیشہ مشغول ہونا یہ ہر جگہ مذموم اور قبیح ہے رزق کے لئے مانع اور دل کی پریشانی کا موجب ہے خصوصاً ان مقامات پر کہ جہاں ان کی عظمت کو بلند قرار دیا ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Do not raise your voice while performing Ziyarat, like mentioned in the book Hadiya e Zaereen.

زیارت کے وقت آواز کو بلند نہ کرنا چنانچہ ہدایۃ الزائر میں ذکر کیا ہے۔

When he wished to return and exit the city, he should bid farewell with the Imam (a), just as it is mentioned in the narration or some other way.

امام کو وداع کرنا جب شہر کو چھوڑ کر جارہا ہو۔

He should return towards Allah and seek forgiveness for his sins, and improve his speech after returning from the Ziyarat compared to how it was previously.

توبہ اور استغفار کرنا گناہوں کی وجہ سے اور اپنی حالت کو بہتر کرنا زیارت سے فارغ ہونے کے بعد اس حالت سے کہ جو زیارت سے پہلے جو حالت تھی۔

One should do charity with the servants of the shrine as much as possible, and it is appropriate for the servants of that holy place to be noble, religious, pious and lenient, and endure the behaviour he has to face from the visitors, and control his anger against them, and refrain from being harsh and rude towards them, and strive to fulfil the needs of the visitors, and guide the strange and unaware people if they have lost their way. In short, the servants should engage themselves in providing all the necessary services, such as cleanliness, security of the visitors etc.

خرچ کرنا اپنی استطاعت کے مطابق آستانہ کے خادموں پر اور سزاوار ہے کہ وہاں کے خدام شریف اہل خیر صاحب دین اور صاحب مروت ہوں۔

The visitors should do charity with the poor but reputed people living in the vicinity of the holy shrine, specially the Syeds and the knowledgeable people who have left their homes and suffered the difficulties of poverty and anonymity, and have continuously lifted the flag of respecting the divine signs, or they possess such things that observing each one of them will be sufficient for the necessary aid for them and for improving their condition.

خرچ کرنا کے امام کے شہر کے مساکین مجاورین اور فقراء پر خصوصاً سادات اور اہل علم پر۔

Free to read, copy and share

Shaheed writes that after a visitor is blessed with the virtues of the Ziyarat, he should leave that place to the earliest possible, so that he may have additional respect, honour and liking for returning to that place. He also said that when women wish to perform Ziyarat, they should compulsorily be separated from the men, and they should only perform Ziyarat. It is best for them to perform Ziyarat at night and should necessarily change their condition, i.e. they must change their beautiful and expensive clothes into cheap and inexpensive ones so that they are not recognized by others. They should come for the Ziyarat in a hidden manner that less number of people shall be able to sight and recognize them. It is also permissible for them to perform Ziyarat with men but it is undesirable (Makrooh). From the above discussion, we can understand the excessive badness and inappropriateness of the common tradition in which women beautify themselves with expensive clothes while they leave their houses in the name of Ziyarat and interact with non-Mahram men in the holy shrines. Those women who sit towards the Qibla of men and attract them with their behaviour, and disturb the visitors and mourners in their worships, they will be considered among those who block the path of Allah. In fact, such Ziyarat performed by women is regarded highly undesirable, instead of an act of worship, and it is a means of their destruction rather than nearness. It is narrated from Imam Sadiq (a) that Imam Ali (a) said in a sermon addressing the people of Iraq: O people of Iraq! I have been informed that your women reach out for the men on the streets, and interact with non-Mehram men in the alleys and markets. Don t you have shame? And said: May Allah curse those who do not have shame.

شیخ شہید نے فرمایا ہے کہ آداب میں یہ ہے جلدی کرے باہر نکلنے میں جب اس نے زیارت کی ہو۔ نیز فرمایا جب عورتیں زیارت کرنا چاہتی ہیں ان کو چاہیئے کہ وہ مردوں سے جدا رہیں اور تنہا زیارت کرلیں اگر رات کے وقت زیارت کریں تو یہ زیادہ بہتر ہے ان کو چاہیئے کہ وہ اپنا وضع اور ہیئت تبدیل کریں یعنی عالی لباس کو معمولی لباس میں تبدیل کریں کہ پہچانی نہ جائیں مخفی اور پوشیدہ ہو کر باہر نکلیں کہ لوگ اس کو کمتر دیکھیں اور پہچانیں اگر مردوں کے ساتھ زیارت کریں تب بھی جائز ہے اگرچہ مکروہ ہے ان باتوں سے معلوم ہوا کہ عورتیں زیارت کے عنوان سے اپنے آپ کو زینت دے کر نفیس لباس میں اپنے گھروں سے باہر آتی ہیں اور حرم مطہر میں نامحرم کے لئے باعث مزاحمت ہوتی ہیں اس کو ترک کریں اور وہ عورتیں جو مردوں کے قبلہ کے سامنے بیٹھ جاتی ہیں اور اپنے سلوک عادات سے لوگوں کے حواس کو پریشان کرتی ہیں زائرین نمازگزار گریہ کرنے والوں کو عبادت سے روک دیتی ہیں ان لوگوں میں شمار ہوجاتی ہیں کہ جو راہ خدا کو بند کردیتی ہیں واقعاً اس قسم کی عورتوں کی زیارت منکرات میں شمار ہوجاتی ہیں نہ کہ عبادات میں حضرت صادق سے منقول ہے کہ حضرت امیرالمومنین نے اھل عراق سے فرمایا یا: اھل العراق بئست ان نسائکم یوافین الرجال فی الطریق اما تستحیون اے اھل عراق مجھے خبر پہنچی ہے کہ تمہاری عورتیں راستے میں مردوں سے ملتی ہیں یعنی گلی اور بازار میں نامحرموں کے ساتھ ملاقات کرتی ہیں کیا تمہیں شرم نہیں آتی وقال : لعن اللہ من لایغار اور فرمایا خدا لعنت کرے اس پر کہ جو غیرت نہیں کرتا۔

Free to read, copy and share

It is appropriate that when the visitors are large in number, the visitor who reaches the grave first should perform Ziyarat quickly and clear the path for other, so that other visitors can also be fortunate enough to reach the grave.

سزاوار ہے کہ جب زوار زیادہ ہوں جو جلدی ضریح تک پہنچتے ہیں وہ زیارت کو مختصر کرے اور باہر نکل جائے تا کہ دوسرے لوگ بھی ضریح کے قریب جا کر زیارت کر سکیں۔

Upon arriving the holy places and pure shrines of the Prophet's household (peace be upon them), it is the best opportunity for the visitor, as per the place and his situation, to pray for the hastening of the reappearance of Imam Mahdi (a); therefore the honourable visitor should pay attention to this obligation in all the holy places.

جب مقدس مقامات پر جائیں اور اھل بیت کے حرم مطہر میں جائیں امام زمانہ کے تعجیل ظہور کے لئے دعا کریں۔

As a man can perform the Ziyarat of Imam Mahdi (a) from wherever he wishes, it is appropriate for him, after reciting the Ziyarat in the holy shrines, to pay attention towards Imam Mahdi (a), and to purify his heart by reciting the Ziyarat of his holiness (a), and perform his due obligation.

امام زمانہ کی زیارت جہاں سے چاہے کر سکتا ہے اور سزاوار ہے کہ زیارت پڑھنے کے بعد اپنے دل کو صاف کرے اور اپنے وظیفہ کو انجام دے اب حضرت کی بعض زیارتوں کو نقل کرتا ہوں۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/ethics-of-ziyarat-3712 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.